رول نمبر:..............

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے:

01,01,08

تھا کبھی علم آدمی، دل آدمی، پیار آدمی آج کل زر آدمی، قصر آدمی، کار آدمی
گلبلاتی بستیاں، مشکل سے دو چار آدمی کتنا کم یاب آدمی ہے، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے:

01,09

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

## ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

01,01,03,10

(الف) وہ جوہرِ قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ ان کا ذہن ایسا رسا، ان کی طبیعت ایسی حاضر، ان کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبران کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) ڈاکٹر گلبرگ مہم جو آدمی ہیں۔ برسوں وہ گرین لینڈ جا کر اسکیموؤں کے ساتھ رہے۔ ان کی زبان اور معاشرت اختیار کی۔ انھی کا سا بے نمک کھانا کھاتے رہے۔ یہی مچھلی، ریچھ کا گوشت وغیرہ، برف کے جھونپڑوں میں قیام کیا اور پھر یہ کتاب لکھی۔ اب میاں بی بی ایشیاء اور مشرق بعید کے دورے پر نکلے تھے۔ کینیا، ہندوستان، تھائی لینڈ اور نیپال ہوتے ہوئے پاکستان آئے تھے۔ اب کابل اور تہران ہو کر وطن واپسی کا پروگرام تھا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) دستک (ii) مولانا ظفر علی خاں

01,09

5۔ نصاب میں شامل جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغِ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) فنی تعلیم (ii) میری پسندیدہ کتاب قرآن مجید (iii) دہشت گردی اور اس کے محرکات

20

7۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کی تلقین کیجیے۔

10